You kept our steps firm on the Bridge of Hell
You blessed us from Your Nearness
You sent Quran to us
You unveiled your Light on us
What is your Bounty that you did not bestow on us?'
Still Allah Tabarak Taala will exhort them

'I have made true My Promises to you and bestowed on you My

كَانَت الْعِبَادَةُ فِيْ الدُّنْيَا. وَاَنْتُمْ الْيَوْمَ فِيْ دَارِ الْجَزَآءِ. سَلُوْنِيْ مَا شِئْتُمْ. فَاَنَا رَبُّكُمْ الَّذِيْ صَدَّقْتُكُمْ وَعْدِيْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ فَهٰذَا مَحَلُّ كَرَامَتِيْ فَسَلُوْنِيْ مَا شِئْتُمْ. فَيَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا وَاَيَّ خَيْرٍ لَّمْ تَفْعَلْهُ بِنَا؟ اَلَسْتَ اَقْلَّتَنَا عَثَرَاتَنَا؟ وَسَتَرْتَ عَلَيْنَا الْقَبِيْحَ مِنْ فِعْلِنَا؟ وَثَبَّتَّ عَلٰى جَسْرِ جَهَنَّمَ اَقْدَامَنَا ؟ اَلَسْتَ الَّذِيْ اَدْنَيْتَنَا فِيْ جِوَارِكَ؟ وَاَسْمَعْتَنَا مِنْ لُّذَاذَةِ مَنْطِقِكَ؟ وَتَجَلَّيْتَ لَنَا بِنُوْرِكَ؟ فَاَيَّ خَيْرٍ لَّمْ تَفْعَلْهُ بِنَا؟ وَيَعُوْدُ عَزَّوَجَلَّ فَيَسْأَلُهُمْ بِصَوْتِهٖ فَيَقُوْلُ اَنَا رَبُّكُمْ الَّذِيْ صَدَقْتُكُمْ وَعْدِيْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ

سے سچ کر دیئے۔تم پر اپنی بھرپور نعمتیں عطا فرمائیں۔ یہ تمہاری عزت افزائی کا مقام ہے، اب تم جو چاہو مجھ سے مانگو۔ جنتی حضرات جواب دیتے ہیں کہ پروردگار! کون سی بھلائی ہے جو تو نے ہمارے ساتھ نہیں کی، تو نے ہم پر سکراتِ موت آسان کردی، تو نے ہماری قبر کی تنہائی اور اندھیریوں میں ہماری وحشت دور کردی۔ صور کے پھونکنے کے وقت تو نے ہمیں گھبراہٹ اور پریشانی سے نجات دی۔ ہماری لغزشوں سے درگزر فرمایا۔ ہمارے عیوب کی پردہ پوشی کی، پل صراط پر ہمیں ثابت قدم رکھا، اپنا قرب نصیب فرمایا، اپنے پاک کلام سے ہمیں لذت آشنا کیا، اپنا نور ہم پر ظاہر فرمایا۔ کون سی بھلائی تو نے ہمارے ساتھ نہیں کی۔ لیکن پھر بھی انہیں آواز میں پکار کر جناب باری عزوجل یہی فرمائے گا کہ میں نے اپنے وعدے تم سے سچے کئے۔ تم پر اپنی نعمتیں بھرپور کیں۔ اب تم مجھ سے مانگو کیا مانگتے ہو؟ وہ کہیں گے: الٰہی! ہم تیری رضامندی کے طالب ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ تو

Bounties but still ask Me what you desire'

They will say
'O Allah! We seek your Pleasure!'
The reply will be

'You already have My Pleasure
I excused your waywardness
I covered your sins
I gave you My Nearness
I gave you the honour of hearing Me and
I threw on you the reflection of My Light
This is the place where your honour that I have granted you will be raised
Therefore you now ask from Me
You beseech Me for more'

Then the people of Paradise will ask for more and that will be granted to them. Again Allah will tell them to ask more and ever more and the people of Paradise will say we have nothing more to want.
Allah will grant them His Special Favours and raise the beauty of Paradise to an extent

نِعْمَتِىْ فَسَلُوْنِىْ. فَيَقُوْلُوْنَ نَسْأَلُكَ رِضَاكَ. فَيَقُوْلُ رِضَاىَ عَنْكُمْ. اَقَلْتُكُمْ عَثَرَاتِكُمْ. وَسَتَرْتُ عَلَيْكُمُ الْقَبِيْحَ مِنْ اُمُوْرِكُمْ. وَاَدْنَيْتُ مِنِّىْ جِوَارَكُمْ. وَاَسْمَعْتُكُمْ لَذَاذَةَ مَنْطِقِىْ وَتَجَلَّيْتُ لَكُمْ بِنُوْرِىْ فَهٰذَا مَحَلُّ كَرَامَتِىْ فَسَلُوْنِىْ فَيَسْئَلُوْنَهُ حَتّٰى تَنْتَهِىَ رَغْبَتُهُمْ ثُمَّ يَقُوْلُ عَزَّوَجَلَّ سَلُوْنِىْ رَضِيْنَا رَبَّنَا وَسَلَّمْنَا. فَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ مَّزِيْدِ فَضْلِهٖ وَكَرَامَتِهٖ وَيَزِيْدُ زَهْرَةُ الْجَنَّةِ مَالَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَآ اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَتْ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ ٥ وَيَكُوْنُ كَذٰلِكَ حَتّٰى مِقْدَارَ تَفَرُّقِهِمْ مِّنَ الْجُمُعَةِ. قَالَ اَنَسٌ فَقُلْتُ بِاَبِىْ وَاُمِّىْ

تمہیں مل چکی، تمہاری لغزشیں معاف کیں۔ تمہاری برائیوں کی پردہ پوشی کی، تمہیں اپنا قرب نصیب فرمایا، تمہیں اپنی باتیں سننے کا شرف بخشا۔ تم پر اپنے نور کا پرتو ڈالا۔ یہ ہے تمہاری عزت افزائی کی جگہ میں نے تم پر عنایت فرمائی ہے، پس تم مجھ سے مانگو، اب یہ جنتی اللہ تعالیٰ سے مانگیں گے اور اللہ تعالیٰ اُنہیں دے گا، یہاں تک کہ اُن کی تمنائیں سب پوری ہوجائیں گی، پھر بھی اللہ عزّوجل ان سے فرمائے گا اور مانگو، یہ پھر مانگیں گے حتیٰ کہ ان کی رغبت ختم ہوجائے گی، پھر بھی ان سے کہا جائے گا اور مانگو، یہ کہیں گے بس ہم راضی ہیں لیکن جنابِ باری تعالیٰ اپنے فضلِ خاص سے انہیں اور بھی مرحمت فرمائے گا اور جنت کی تروتازگی اس قدر بڑھ جائے گی جو کسی آنکھ نے دیکھی نہ کسی کان نے سنی، نہ کسی انسان کے دل پر ان نعمتوں کا وہم گزرا۔

الغرض جمعہ کے دن ان کے الگ ہونے تک مزید لطف وکرم اور یہ مجلس اسی طرح ہوتی رہے گی۔ حضرت انس رضی

beyond all imagination.
In short, on the day of Friday the Bounties and Blessings of Allah will be showered like this.
Anas, Razi Allah Taala Anho, asked 'For how long Rasool Allah?' The reply came 'From one Friday to the next is the time duration. "The Throne of Allah will be held high by the exalted Angels and the Prophets. Then the people of Paradise will be permitted to go back to their high castles in Paradise which are made of green emeralds. They will wish for nothing more than the next Friday to 'see' their Rab who will once more shower on them bounties unlimited."

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَا مِقْدَارُ تفرُّقِهِمْ؟ قَالَ كَقَدْرِ الْجُمُعَةِ اِلَى الْجُمُعَةِ. قَالَ يَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّنَا الْعُلِيُّوْنَ مَعَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالنَّبِيُّوْنَ ثُمَّ يُؤْذَنُ لِاَهْلِ الْغُرُفَاتِ فَيَعُوْدُوْنَ اِلٰى غُرَفِهِمْ. وَهُمْ غُرْفَتَانِ زُمُرَّدَتَانِ خَضْرَاوَانِ. وَلَيْسُوْآ اِلٰى شَيْءٍ اَشْرَقَ مِنْهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْجُمُعَةِ. لِيَنْظُرُوْا اِلٰى رَبِّهِمْ وَلِيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهِ وَكَرَامَتِه.

(دارقطنی)

اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان، ان کے الگ ہونے کی مقدار کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک کے برابر رب العالمین کا عرش بلند درجے کے فرشتے اُٹھائے ہوئے ہوں گے، جن کے ساتھ بڑے بڑے فرشتے اور انبیاء علیہم السلام ہوں گے، پھر ان بالاخانوں والوں کو اجازت دے دی جائے گی اور وہ اپنے زمردیں اور سبز بالاخانوں کی طرف لوٹ جائیں گے۔ انہیں جمعہ کے دن سے زیادہ کسی چیز کا شوق نہ ہوگا کہ وہ اپنے رب کی زیارت کریں تاکہ وہ اُن پر مزید اپنا فضل فرمائے اور ان کی عزت افزائی فرمائے۔

The Auspicious Ramadan

رمضان المبارک

Hazrat Salman Farsi, Razi Allah Taala Anho, narrates that once on the last day of the month of Shaaban, Huzoor

يَآيُّهَا النَّاسُ قَدْ اَظَلَّكُمْ شَهْرٌ عَظِيْمٌ. شَهْرٌ مُّبَارَكٌ شَهْرٌ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بار آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماہِ شعبان کے آخری روز خطبہ دیا،

صلی اللہ علیہ وسلم addressed us from the pulpit as follows:
'O you people! A month of grandeur and blessings is visiting you. There is a night in this month which is superior to one thousand months of worship. Allah has made obligatory on you to keep fast in the daytime and to offer Nafil Salat in the night hours. In this month the reward for Nafil is equal to that of obligatory prayers in other days and the reward for those who perform obligatory worship is equal to the rewards of seventy such obligatory good deeds or worship in any other days.
This is the month of forbearance and the reward for the forbearance is Paradise. This is the month of sharing the woes of others and helping the less fortunate. In this month generous sustainance of a mo'min is increased. The sins of any who had provided Iftar to another person will be forgiven. He will be set free from the Hell Fire and his reward will equal to that poor person whom he gave food for Iftar but the reward of that poor one will not be diminished.' We said 'O Rasool

فِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ
جَعَلَ اللّٰهُ صِيَامَهُ فَرِيْضَةً
وَّقِيَامَ لَيْلِهِ تَطَوُّعًا مَّنْ تَقَرَّبَ
فِيْهِ بِخَصْلَةٍ مِّنَ الْخَيْرِ كَانَ
كَمَنْ اَدّٰى فَرِيْضَةً فِيْمَا سِوَاهُ
وَمَنْ اَدّٰى فَرِيْضَةً فِيْهِ كَانَ
كَمَنْ اَدّٰى سَبْعِيْنَ فَرِيْضَةً
فِيْمَا سِوَاهُ وَهُوَ شَهْرُ الصَّبْرِ
وَالصَّبْرُ ثَوَابُهُ الْجَنَّةُ وَشَهْرُ
الْمُوَاسَاةِ وَشَهْرٌ يَّزَادُ فِيْهِ
رِزْقُ الْمُؤْمِنِ فَمَنْ فَطَّرَ فِيْهِ
صَآئِمًا كَانَ لَهُ وِقَايَةً وَّ
مَغْفِرَةً لِّذُنُوْبِهِ وَعِتْقُ رَقَبَتِهِ
مِنَ النَّارِ وَكَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ
مِنْ غَيْرِ اَنْ يُّنْقَصَ مِنْ اَجْرِهِ
شَيْءٌ.
يُعْطِى اللّٰهُ هٰذَا الثَّوَابَ مَنْ

جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگو! تمہارے پاس عظمت اور برکت والا مہینہ آ رہا ہے، اس میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تم پر اس مہینہ کے روزے فرض کر دیئے ہیں اور رات کا قیام نفل قرار دیا ہے۔ اس نفلی عبادت کا ثواب اور دنوں کی فرض عبادت کے برابر ہے اور اس میں فرض ادا کرنے والے کو اور دنوں کے ستر فرضوں کے برابر ثواب ملتا ہے۔ یہ مہینہ صبر کا ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے۔ یہ مہینہ باہمی غمخواری اور ہمدردی کا ہے۔ اس میں مومن کا رزق بڑھتا ہے۔ جس نے کسی روزہ دار کو افطار کرایا، اُس کے گناہ بخشے جائیں گے اور آتشِ دوزخ سے نجات پائے گا اور اس شخص کے روزہ کے برابر ثواب پائے گا، بغیر اس کے کہ اس (غریب) کے ثواب سے کچھ گھٹا دیا جائے۔
ہم نے کہا: یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم میں سے ہر ایک کو اتنا میسر نہیں ہوتا کہ اپنے پاس سے کسی کو افطار

Allah صلی اللہ علیہ وسلم all of us do not have so much that we can provide another person with Iftar.' Rasool Allah صلی اللہ علیہ وسلم said: 'This reward is even for those who offer a measure of watered milk or a single date or even a mouthful of water to the one who is fasting. And anybody who has provided a meal to any fasting person, he will be offered a drink from my Fountain-Lake so that the persons will never feel thirst till they enter Paradise. The first third of this month is Mercy, the second is Forgiveness and the final third is Deliverance from the Hell Fire. Anyone who makes the work of his slave light in this month will be forgiven by Allah and will be saved from Hell Fire.

فَطَّرَ صَائِمًا عَلٰى مُذْقَةِ لَبَنٍ اَوْ تَمْرَةٍ اَوْ شَرْبَةٍ مِّنْ مَّآءٍ— وَمَنْ اَشْبَعَ صَائِمًا سَقَاهُ اللّٰهُ مِنْ حَوْضِىْ شَرْبَةً لَّا يَظْمَأُ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ شَهْرٌ اَوَّلُهٗ رَحْمَةٌ وَّ اَوْسَطُهٗ مَغْفِرَةٌ. وَاٰخِرُهٗ عِتْقٌ مِّنَ النَّارِ وَمَنْ خَفَّفَ عَنْ مَّمْلُوْكِهٖ فِيْهِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ وَاَعْتَقَهٗ مِنَ النَّارِ.
(مشکوٰۃ)

کرا سکیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
اللہ تعالیٰ یہ ثواب ہر اس شخص کو دے گا جو کسی روزہ دار کو فقط لسی، کھجور یا پانی کا ایک گھونٹ پلاوے اور جس نے روزہ دار کو کھلا کر سیر کیا، اللہ تعالیٰ اس کو میرے حوض کوثر سے ایسا پانی پلائے گا کہ دخولِ جنت تک پیاسا نہیں ہوگا۔ اس مہینے کا اوّل حصہ رحمت، درمیانی حصہ مغفرت اور آخری حصہ جہنم سے چھٹکارا حاصل کرنے کا ہے۔ جو اس مہینہ میں اپنے غلام کا کام ہلکا کردے اللہ تعالیٰ اسے بخش دے گا اور آگ سے نجات دلا دے گا۔

Charity in the Way of Allah

انفاق فی سبیل اللہ

Hazrat Adi bin Hatim, Razi Allah Taala Anho, narrates "Once I was sitting in the presence of Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم when some people came who had wrapped

اَيُّهَا النَّاسُ ارْضَخُوْا مِنَ الْفَضْلِ وَلَوْ بِصَاعٍ وَلَوْ

حضرت عدی بن حاتم بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھا تھا، اتنے میں کچھ لوگ آئے، جنہوں نے بالوں کے کمبل اوڑھے

themselves in blankets of hair. They appeared to be in need of help. Sensing their need, Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم rose to address the people sitting there after the Salat and delivered the following sermon:"

'O you People! Help the poor from whatever is left from your need. Just a sa'a of food grain or half a sa'a of food grain, or one handful or half a handful. All of you save yourself from the Hell Fire, be it by one date fruit or half of it. If you cannot afford even that much, then say at least a good word to your brother because you have to stand before your Master. He will say to you what I say to you. He will ask you 'Did I not give you health and progeny?' The slave will admit 'Yes O Allah you did' Then Allah will ask 'Where is that which you sent for yourself before your death?' The slave will look ahead and behind, to the right and to the left but will find no protection from the heat of the Fire. At least by giving half a dry date provide protection for yourself from the Fire of Hell. If you can find even not that much then give a soft answer.'

بِنِصْفِ صَاعٍ وَلَوْ بِقَبْضَةٍ وَلَوْ بِنِصْفِ قَبْضَةٍ يَقِى اَحَدُكُمْ وَجْهَهُ حَرَّجَهَنَّمَ اَوِ النَّارِ وَلَوْ بِتَمْرَةٍ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ. فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ بِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَاقِى اللّٰهَ وَقَآئِلٌ لَهُ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ كَمَا جَعَلَ لَكَ مَالًا وَّ وَلَدًا. فَيَقُوْلُ بَلٰى فَيَقُوْلُ اَيْنَمَا قَدَّمْتَ لِنَفْسِكَ فَيَنْظُرُ قُدَّامَهُ وَخَلْفَهُ وَعَنْ يَّمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ ثُمَّ لَا يَجِدُ شَيْئًا يَّقِى بِهٖ وَجْهَهُ حَرَّ جَهَنَّمَ ٥ لِيَتَّقِ اَحَدُكُمْ وَجْهَهُ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ فَاِنِّى لَآ اَخَافُ

ہوئے تھے، وہ امداد کے مستحق معلوم ہوتے تھے، ان کی غربت کے پیش نظر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے خطبے کیلئے کھڑے ہوئے اور ذیل کا خطبہ ارشاد فرمایا:

لوگو! بچے ہوئے مال سے غریبوں کی امداد کرو، زیادہ نہ ہو تو ایک صاع غلہ ہی سہی، یا آدھا صاع، ورنہ ایک مٹھی یا آدھی مٹھی۔ تم میں سے ہر ایک اپنے آپ کو آتش دوزخ سے بچائے، خواہ ایک کھجور یا آدھی کھجور ہی کے ساتھ کیوں نہ ہو، اگر اتنا بھی نہ مل سکے تو اچھی بات کے ساتھ سہی کیونکہ تمہیں خدا کے سامنے پیش ہونا ہے وہ تم سے یہی کہے گا جو میں تم سے کہتا ہوں کہ کیا میں نے تمہیں مال اور اولاد نہیں دیے تھے؟ بندہ عرض کرے گا ہاں۔ خداوند تعالیٰ فرمائے گا: کہاں ہے وہ جو تو نے اپنے لئے آگے بھیجا ہے۔ اس وقت بندہ آگے پیچھے، دائیں اور بائیں دیکھے گا مگر دوزخ کی گرمی سے بچنے کے لئے کوئی چیز نہ پائے گا۔ پس کم از کم نصف خرما دے کر دوزخ سے بچنے کا سامان کرو۔ اگر وہ بھی نہ ہو تو ملائم جواب دے دیا کرو کیونکہ مجھے یہ خوف بالکل نہیں کہ تم فاقہ کشی کا سامنا کرو گے کیونکہ خدا تمہارا ناصر ہے اور وہی دینے

والا ہے۔ حتیٰ کہ تنہا ایک عورت مدینہ اور حیرہ کے درمیان سفر کرے گی اور اس کو اپنی سواری پر چور چکاری کا کوئی خطرہ نہ ہوگا۔
حضرت عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت میں نے یہ ارشادِ مبارک سنا تو مجھے خیال ہوا کہ اُن دنوں بنوطے کے چور کہاں گئے ہوں گے؟ (یعنی جو کچھ ہو، مگر وہ چوری اور ڈاکہ زنی سے باز نہیں آئیں گے) مگر میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ ایک عورت قادسیہ سے سفر کرکے حرم تک آتی ہے اور اس کو کسی کا ڈر نہیں ہوتا۔ (بخاری)

عَلَيْكُمُ الْفَاقَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ نَاصِرُكُمْ وَمُعْطِيْكُمْ حَتّٰى تَسِيْرُ الظَّعِيْنَةُ مَابَيْنَ يَثْرِبَ وَالْحِيْرَةِ اَكْثَرَ مَا نَخَافُ عَلٰى مَطِيَّتِهَا السَّرِقِ.

(زاد المعاد)

Rasool Allah صلی اللہ علیہ وسلم continued 'I am not at all afraid that you will starve after me because Allah is your Cherisher, Protector and Helper. I know a woman will travel alone between Haeera and Madina and she will have no fear of a thief or robber.' Hazrat Ali. Razi Allah Taala Anho, says that: At that very moment I had a silent question in my mind 'Where will the thieves of Banu Tai have gone?!' But in my own lifetime, I saw a woman travelling from Qudsia to Haram fearing nobody and nothing at all.'

اسلام اور رہبانیت

ایک بار آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو جمع ہونے کا حکم دیا، پھر اُن کے سامنے حسب ذیل خطبہ ارشاد فرمایا: لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ وہ عورتوں کو، کھانے کو، خوشبو کو اور دنیا کی لذیذ چیزوں کو اپنے اوپر حرام کرنے لگے

مَابَالُ اَقْوَامٍ حَرَّمُوْا النِّسَآءَ وَالطَّعَامَ وَالطِّيْبَ وَشَهَوَاتِ الدُّنْيَا. فَاِنِّيْ لَسْتُ اٰمُرُكُمْ اَنْ تَكُوْنُوْا قِسِّيْسِيْنَ رُهْبَانًا. فَاِنَّهُ لَيْسَ فِيْ دِيْنِيْ

Islam and Monasticism

Once Huzoor Nabi e Karim صلی اللہ علیہ وسلم ordered the companions to congregate around him and then delivered the following sermon:
'What has happened to the people? Why have they forbidden for themselves women, food, perfume and the pleasures of this world? I have

ہیں، میں تمہیں صوفی اور درویش اور راہب وتارکِ دنیا بنے کا حکم دینے نہیں آیا کیونکہ گوشت کو اور عورتوں کو چھوڑ دینا اور خانقاہوں میں بیٹھ جانا میرے دین میں نہیں ہے۔ میری امت کی سیاحت روزہ ہے، ان کی رہبانیت جہاد ہے۔ اللہ کی عبادت کرتے رہو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، حج اور عمرہ ادا کرتے رہو، نماز، روزہ اور زکوۃ کی ادائیگی اور پابندی کرو اور استقامت دکھاؤ تاکہ تمہارے معاملات بھی درست کردیے جائیں۔ تم سے اگلے لوگ انہی سختیوں کی وجہ سے تباہ ہو گئے۔ جوں جوں وہ اپنے اوپر سختی کرتے گئے اللہ تعالیٰ بھی ان پر سختی کرتا گیا، ان کے بچے کھچے اب گرجوں اور عبادات گاہوں میں باقی رہ گئے ہیں۔

اس خطبے کے بعد یہ آیت نازل فرمائی:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ

ترجمہ: اے ایمان والو! جو پاک چیزیں اللہ نے تم پر حلال کی ہیں انہیں حرام نہ کرو

تَرْکُ اللَّحْمِ وَالنِّسَآءِ وَلَا اِتِّخَاذُ الصَّوَامِعِ. وَاِنَّ سِيَاحَةَ اُمَّتِىْ الصَّوْمُ وَ رَهْبَانِيَّتُهُمُ الْجِهَادُ. اُعْبُدُوا اللّٰهَ ٥ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا ٥ وَحُجُّوْا وَاعْتَمِرُوْا وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَصُوْمُوْا رَمَضَانَ وَاسْتَقِيْمُوْا يَسْتَقِمْ لَكُمْ. فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِالتَّشْدِيْدِ شَدَّدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَشَدَّدَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ٥ فَتِلْكَ بَقَايَاهُمْ فِى الدِّيَارِ وَالصَّوَامِعِ.

(معالم التنزيل)

not come into this world to turn you into ascetics and monks! It is not in our religion to give up flesh and women and sit secluded in monasteries.

The journey of pleasure "Sayyahat" for my Ummat is Fasting and the monasticism of this Ummat is Jihad. Worship none but Allah and ascribe to Him no equal, no partner.

Perform Hajj and Umrah and follow strictly the orders about Salat, Fasting and Zakat.

Be firm, stand fast so that all matters pertaining to you are solved for you.

People before you were destroyed when they made their own lives difficult. The more they created difficulties for themselves the more Allah put them in difficulty. Only a few of them are now left in monasteries and churches.

Immediately following this khutba the Quranic verse was sent down by Allah Taala

Ye who believe
Make not unlawful
The good things which Allah
Hath made lawful for you

Translation of Quranic verse by:
Abdullah Yusuf Ali

Khutba in the Battlefield of Badr

Quraish have done their worst. They have driven out the Muslims from Makkah. These Muslim were very few. Allah Tabarak Taala has given the Muslims of Makkah a sanctuary in Madina. People of Madina who have embraced Islam have embraced the immigrant Muslims from Makkah also as blood brothers. This is rather unusual in Arabia at a time where human beings were divided in tribes and sub tribes and as progenies of different ancestors, always engaged in bloody skirmishes and long drawn out wars of vengeance between various tribes, each claiming superiority over the other. In Madina there existed a shining example of Fraternity, Equality and Obedience which the world never saw before and never saw again. Quraish did not leave the Madina society in peace for long. They took an army, 1000 strong (a large number at that time) to crush this new society, uproot the new sapling before it could grow into a strong tree to shelter the others.

فَاِنِّی اُحُثُّكُم عَلٰی مَا حَثَّكُم اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَاَنْهَاكُم عَمَّا نَهَاكُمُ اللّٰهُ عَنْهُ. فَاِنَّهٗ جَلَّ وَعَلاَ عَظِيْمٌ شَأْنُهٗ يَأْمُرُ الْحَقَّ. وَيُحِبُّ الصِّدْقَ. وَيُعْطِیْ عَلٰی الْخَيْرِ اَهْلَهٗ اَعْلٰی مَنَازِلِهِمْ عِنْدَهٗ يُذْكَرُوْنَ وَبِهٖ يَتَفَاضَلُوْنَ وَاِنَّكُمْ قَدْ اَصْبَحْتُمْ بِمَنْزِلٍ مِّنْ مَّنَازِلِ الْحَقِّ. لاَ يَقْبَلُ فِيْهِ اللّٰهُ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا مَا ابْتُغٰی فِيْهِ وَجْهُهٗ وَاِنَّ الصَّبْرَ فِیْ مَوَاطِنِ الْبَاسِ مِمَّا يُفَرِّجُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ الْهَمَّ وَ يُنْجِیْ مِنَ

خطبہ بدر

ہجرت کے بعد کفار سے مسلمانوں کا پہلا معرکہ میدانِ بدر میں برپا ہوا۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تین سو تیرہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو لے کر میدانِ بدر میں اُترے، مسلمانوں کی صفوں کو مرتب کر کے اللہ تبارک و تعالیٰ کی حمد و ثنا کی۔

پھر یہ خطبہ ارشاد فرمایا:

لوگو! میں تمہیں ایسی چیز کی طرف رغبت دلاتا ہوں جس کی رغبت خود اللہ عزّ و جل نے دلائی ہے۔ اسی طرح میں تمہیں انہی چیزوں سے روکتا ہوں جن سے اللہ عزّ و جل نے تمہیں روکا ہے۔ وہ جلال و بلندی والا عظیم الشان خدا حق باتوں کا ہی حکم فرماتا ہے، وہ سچائی کو پسند کرتا ہے، بھلائیاں کرنے والوں کو وہ اپنے پاس بڑے مرتبے عطا فرماتا ہے، اسی لئے ان کا ذکر مذکور ہوتا ہے اور اسی طرح انہیں فضیلتیں ملتی ہیں۔ سنو حق کی منزلوں میں سے ایک منزل پر آج تمہارے قدم آ پہنچے ہیں۔ یہاں صرف وہی کام مقبول ہوگا جو

The Muslims of Madina could muster no more than 313 men including old, weak and very young to face the 1000 giant warriors, well armed, who had travelled about 400 kilometres to destroy the small Muslim community which could muster no more than 313 men and no more than eight swords between them. Most of the brave, large hearted Muslim warriors were armed only with the date palm dry branches, on foot on their way to fight the enemy warriors mounted on the famous Arab war-horses. They had also travelled a number of kilometres to 'greet' the invaders in open territory of Badr.

Huzoor Nabi e Karim صلی اللہ علیہ وسلم arranged the Mujahideen in rows and addressed them. After the Praise of Allah Tabarak Taala, He spoke thus:

'O People! I invite you to what Allah Taala invited you. I forbid you only what Allah has forbidden you. Allah the Most Exalted Master and Epitome of Grandeur orders only Truth, for He likes the Truth. He bestows high honours on those who do good deeds and such people are talked about with respect and great rewards and status is bestowed upon them

الْغَمِّ وَتُدْرِكُوْنَ النَّجَاةَ فِى الْاٰخِرَةِ فِيْكُمْ نَبِىُّ اللّٰهِ. يُحَذِّرُكُمْ وَيَاْمُرُكُمْ فَاسْتَحْيُوْا الْيَوْمَ اَنْ يَّطَّلِعَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى شَىْءٍ مِّنْ اَمْرِكُمْ يَمْقُتُكُمْ عَلَيْهِ. فَاِنَّهٗ تَعَالٰى يَقُوْلُ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ. اُنْظُرُوْا الَّذِىْ اَمَرَكُمْ بِهٖ مِنْ كِتَابِهٖ وَاَرَاكُمْ مِّنْ اٰيَاتِهٖ وَاَعَزَّكُمْ بَعْدَ الذِّلَّةِ فَاسْتَمْسِكُوْا بِهٖ. يَرْضَ رَبُّكُمْ عَنْكُمْ وَاسْئَلُوْا رَبَّكُمْ فِىْ هٰذَا الْمَوْطِنِ اَمْرًا تَسْتَوْجِبُوْا الَّذِىْ وَعَدَكُمْ بِهٖ مِنْ رَّحْمَةٍ وَّمَغْفِرَةٍ. فَاِنَّ وَعْدَهٗ حَقٌّ وَّ قَوْلَهٗ صِدْقٌ

اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے ارادے سے کیا جائے گا، جنگ کے موقع پر صبر ہی وہ چیز ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ رنج وغم کو دور کردیتا ہے اور ان سے نجات دیتا ہے۔ ساتھ ہی آخرت کی نجات بھی میسر ہوجائے گی۔ تم میں خدا کا پیغمبر موجود ہے، جو تمہیں ڈراتا بھی ہے اور حکم بھی دیتا ہے (امرونہی کررہا ہے) دیکھو! آج ایسی غلطی نہ کر بیٹھنا جس سے اللہ تعالیٰ تم سے ناخوش ہوجائے۔ فرمانِ خدا ہے کہ اللہ کی ناراضگی کا وبال اس سے بہت زیادہ ہے جو تمہاری آپس کی ناراضگی کا ہوسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احکام جو اپنی کتاب میں تمہیں دے چکا ہے اور جو نشانیاں وہ تمہیں دکھلا چکا ہے، ذلت کے بعد اس نے تمہیں جو عزت عطا فرمائی ہے، اس کو پیشِ نظر رکھو۔ پس تم احکامِ خدا پر صبر وعزم کے ساتھ جم جاؤ۔ رب العالمین تم سے راضی ہوجائے گا۔ اللہ تعالیٰ سے اس جہاد کے موقع پر ایسی دعائیں کرو کہ جنت ومغفرت کا وعدہ جو اس نے تمہارے ساتھ رکھا ہے پورا ہوجائے۔ بے شک وعدۂ خداوندی اٹل

by Allah.

Now listen to Me! You have today arrived on one of the most prominent landmarks in the path of Truth. Here only that act or deed will be accepted which is performed solely to seek the pleasure of Allah.

In the war, it is through perseverance that Allah removes the pain and suffering and guides to salvation now in this world and in the world of Hereafter.

Amongst you is the Prophet of Allah صلى الله عليه وسلم who admonishes you as well as orders you.

Listen, make not such a mistake today that may cause Allah's Anger or His Displeasure. Verily the catastrophic nature of Allah's Displeasure is much more severe than any displeasure arising amongst you. Keep in view the commandments of Allah that He has given you in His Book and also keep in mind the honour He has bestowed on you. Remain steadfast on the commandments of Allah, and The Cherisher of Both Worlds will be pleased with you.

At this time of Jihad send your supplication to Allah to grant you Forgiveness and Paradise

وَعِقَابُهُ شَدِيدٌ وَ اِنَّمَا اَنا وَاَنْتُمْ بِاللّٰهِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمُ الَّذِىْ اِلَيْهِ لَجَأْنَا وَبِهِ اعْتَصَمْنَا وَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ. يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَ لِلْمُسْلِمِيْنَ.

ہے، بے شک کلامِ خدا راست ہے، بے شک اس کے عذاب بڑے ڈراؤنے اور نہایت سخت ہیں۔ خود میں بھی اور تم سب بھی اُسی حیّ و قیوم، زندہ و قایم خدا پر بھروسہ رکھتے ہیں جس کی طرف ہم پناہ کے لئے جھکتے ہیں اور جس کا ہم سہارا لیتے ہیں، اسی پر ہم توکل کرتے ہیں اور اسی کی طرف ہمیں لوٹ کر جانا ہے۔ اللہ ہماری اور جملہ مسلمانوں کی مغفرت فرمائے۔

﴿مترجم کا اضافہ﴾

(حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقعہ پر صاف سیدھا ٹھنڈا ناصحانہ خطبہ دیا جبکہ کوئی دوسرا دنیاوی کمانڈو جوشیلا چیختا چنگھاڑتا خطبہ دیتا۔)

which he has promised you. Surely the Promise of Allah is unchangeable. Definitely the Word of Allah is True and Clear and definitely the Chastisement is Horrible and Hard.

I and you all, depend on The One and Only Allah - Living and Eternal.

We turn to Him only, for protection and support. We depend only on Him and to Him we must ultimately return.

May Allah grant Forgiveness to myself and all of Muslim mankind.------Ameen.

(This is a cool, calm, confident address by the Khairul Bashar خیر البشر the best of humanity on that momentous day when any other commander would have spoken loud, long, boastful and irrelevant.)

Al Jamaat
The Nation

الجماعت

Hazrat Ma'awia, Razi Allah Taala Anho, reports that once Huzoor Nabi e Karim صلی اللہ علیہ وسلم said before a group of people :

Listen to Me, O People! Before you, the People of the Book divided themselves into

اَلَا اِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ افْتَرَقُوا عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ مِلَّةً ٥ وَاِنَّ هٰذِهِ الْاُمَّةَ سَتَفْتَرِقُ عَلٰى

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بار حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حسب ذیل خطبہ دیا:
لوگو! سنو! تم سے پہلے کے اہل کتاب بہتر فرقوں میں تقسیم

seventy two groups and this Ummat of Mine will be divided into seventy three groups of which seventy two will go to Hell and one to Heaven. The group that goes to Paradise is Al- Jamaat.
Listen to me and believe that from my Ummat will emerge nations in whose very veins the worldly greed will permeate, in the same way as the poison of dog bite runs through the one who is bitten. The poison seeps into every bone and every joint of the body.

ثَلاثٍ وَّسَبْعِيْنَ o ثِنْتَانِ وَسَبْعُوْنَ فِي النَّارِ o وَوَاحِدٌ فِي الْجَنَّةِ o وَهِيَ الْجَمَاعَةُ o وَاِنَّهُ سَيَخْرُجُ فِيْ اُمَّتِيْ اَقْوَامٌ تَتَجَارٰى بِهِمُ الْاَهْوَآءُ كَمَا يَتَجَارَى الْكَلْبُ بِصَاحِبِهٖ o لَا يَبْقٰى مِنْهُ عِرْقٌ وَّلَا مَفْصَلٌ اِلَّا دَخَلَهٗ.

(مسند احمد، ابو داؤد)

ہو گئے اور میری یہ امت تہتر (73) فرقوں میں بٹ جائے گی، جن میں سے بہتر (72) جہنمی ہیں اور ایک جنتی۔ یہی جنتی گروہ "الجماعت" ہے۔
سنو! اور باور کرلو کہ میری امت میں ایسی قومیں بھی نکلنے والی ہیں جن کے رگ و پے میں خواہشیں اس طرح سرایت کر جائیں گی جیسے باؤلے کتے کے کاٹے کا زہر اُس شخص کے رگ و پے میں رَچ جاتا ہے جسے وہ کاٹ لے کہ اس کا زہر ہر ہر ہڈی اور ہر ہر جوڑ میں داخل ہو جاتا ہے۔

Code of Conduct in Life

Once Hazrat Omar Farooq, Razi Allah Taala Anho, was travelling to Syria with a group of the Companions of Rasool Allah صلی اللہ علیہ وسلم.
He rose to deliver a lecture before the companions and said that "Huzoor صلی اللہ علیہ

اِسْتَوْصُوْا بِاَصْحَابِيْ خَيْرًا. ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ. ثُمَّ يَفْشُوا الْكَذِبُ حَتّٰى اِنَّ الرَّجُلَ لَيَبْتَدِئُ

ضابطہ حیات

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام کا سفر کررہے تھے، اس سفر میں ایک روز صحابہ کے سامنے تقریر کے لئے کھڑے ہوئے اور کہا: ایک بار رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حسبِ ذیل خطبہ ارشاد فرمایا:

وسلم said:
"Heed my Advice to deal with my Companions in a good manner and with them who come after my Companions and then those who come after them. Thereafter the untruth will prevail so much so that people will come forward uncalled for to give false witness. Whosoever wants to enter Paradise let him remain adherent to the Jamaat (community). Shaitan is close with the individual and far from two. Listen! No man should sit alone with a strange woman because the third amongst them is Shaitan. Whoever is pleased with his good deeds and displeased with his bad deeds is a Mo'min".

Musnad Ahmed.

بِـالشَّهَـادَةِ قَبْلَ اَنْ يُّسْئَلَهَا فَـمَنْ اَرَادَ مِـنْـكُـمْ بُـحْبَحَةَ الْـجَـنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ فَاِنَّ الشَّـيْـطَـانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِـنَ الْاِثْـنَـيْـنِ اَبْعَدُ لَا يَخْلُوَنَّ اَحَدُكُمْ بِامْرَأَةٍ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ ثَـالِثُهُـمَـا وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَآءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ.

(مسند احمد)

میرے صحابہ کے ساتھ بھلائی (سے پیش آنے) کی (میری) نصیحت قبول کرو، پھر ان کے بارے میں جو ان کے بعد ہوں۔ پھر ان کے بارے میں جو ان کے بعد ہوں۔ پھر جھوٹ پھیل جائے گا، یہاں تک کہ لوگ خود بخود بن بلائے (جھوٹی) شہادتیں دینے لگیں گے۔ پس تم میں سے جو بھی جنت کے بہترین مقام کا مالک بننا چاہیے اُسے لازم ہے کہ جماعت کو چمٹے رہے۔ شیطان تنہا کے ساتھ ہے اور وہ دو سے بہت دور ہے۔ خبردار کوئی شخص کسی اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ بیٹھے، اس لئے کہ ان دونوں کے ساتھ تیسرا شیطان ہوتا ہے جسے اس کی نیکی اچھی لگے اور برائی برے لگے وہ مومن ہے۔

Enjoining What is Right & Forbidding What is Wrong

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر

Hazrat Alqama bin Saeed, Razi Allah Taala Anho, narrates that one day Huzoor صلی اللہ علیہ

مَـا بَـالُ اَقْـوَامٍ لَّا يُـفَـقِّهُوْنَ جِيْرَانَهُمْ وَلَا يُعَلِّمُوْنَهُمْ وَلَا

حضرت علقمہ بن سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز رسولِ خدا صلی اللہ

وسلم delivered a sermon in which he praised certain Muslims and then said:

"What has happened to the people that they do not teach their neighbours the Deen nor the knowledge which they have, nor do they give them good advice, nor do they exhort them to goodness, nor do they stop them from evil deeds?!

And what has happened to the people that they do not learn Deen from their neighbours, nor the knowledge, nor do they pay attention to good advice?!

People must teach others around them and give them good advice and exhort them to virtuous deeds and prevent them from evil deeds. The people must learn good deeds from around them otherwise I will deliver a heavy punishment to them even in this World."

يَعِظُوْنَهُمْ وَلَا يَأْمُرُوْنَهُمْ وَلَا يَنْهَوْنَهُمْ وَمَا بَالُ اَقْوَامٍ لَّا يَتَعَلَّمُوْنَ مِنْ جِيْرَانِهِمْ وَلَا يَتَفَقَّهُوْنَ وَلَا يَتَّعِظُوْنَ. وَاللّٰهِ لَيُعَلِّمَنَّ قَوْمٌ جِيْرَانَهُمْ وَيُفَقِّهُوْنَهُمْ وَيَعِظُوْنَهُمْ وَيَاْمُرُوْنَهُمْ وَيَنْهَوْنَهُمْ وَيَتَعَلَّمَنَّ قَوْمٌ مِّنْ جِيْرَانِهِمْ وَيَتَفَقَّهُوْنَ وَ يَتَّعِظُوْنَ اَوْ اَوْلَاُعَاجِلَنَّهُمُ الْعُقُوْبَةَ.

(طبرانی کبیر)

علیہ وسلم نے ایک خطبہ ارشاد فرمایا: اس میں بعض مسلمان قبیلوں کی تعریف کی، پھر فرمایا:

لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ وہ نہ تو اپنے پڑوسیوں کو (دین) سمجھاتے ہیں، نہ انہیں علم سکھاتے ہیں، نہ انہیں نصیحت کرتے ہیں، نہ انہیں بھلائیوں کا حکم کرتے ہیں، نہ انہیں برائیوں سے روکتے ہیں۔ اور کیا حال ہے ان لوگوں کا جو اپنے پڑوسیوں سے نہ (دین) سیکھتے ہیں، نہ علم سیکھتے ہیں، نہ پند و نصیحت سنتے ہیں۔

واللہ! لوگ یا تو اپنے آس پاس والوں کو سکھائیں، سمجھائیں، نصیحت کریں، نیکی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں اور لوگ آس پاس والوں سے سیکھیں، سمجھیں وعظ و نصیحت حاصل کریں ورنہ میں دنیا میں ہی انہیں سخت سزا دوں گا۔

Sunnat and Bid'at

Hazrat Arbaz bin Sarya, Razi Allah Taala Anho, narrates that one day Rasool Allah صلى الله عليه وسلم delivered such a touching khutba that our hearts

تَرَكْتُكُمْ عَلَى الْبَيْضَآءِ لَيْلُهَا كَنَهَارِهَا لَا يَزِيْغُ عَنْهَا بَعْدِيْ اِلَّا هَالِكٌ مَّنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ

سنت اور بدعت

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک روز) رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا (پُر تاثیر اور درد بھرا) خطبہ ارشاد فرمایا کہ ہمارے دل تھرا گئے اور

felt heavy and some of us began to cry believing that Huzoor صلى الله عليه وسلم was departing from us and this was his last sermon. We said to him 'Ya Rasool Ullah صلى الله عليه وسلم please give us some last advice', and he replied:

"I am leaving you in such a clear field where even night is as bright as day. After me only the one who is utterly unfortunate will go astray. Who ever lives after me will see many differences amongst the people. So at the time of great difference, follow my Traditions and the traditions of the Rightly Guided Caliphs and hold steadfast to these traditions. Keep obeying my orders even if they come to you through a black slave. The example of Mo'min is that of a camel in harness. Whichever direction the rope is pulled, the camel turns.

Fear Allah and seek His Pleasure. Listen and obey, may he be a black slave. You will see lots of differences but hold fast to traditions. Follow not the innovations in Deen (bidat) because all innovations in Deen are misguidance."

فَسَيَرٰى اِخْتِلَافًا كَثِيْرًا. فَعَلَيْكُمْ بِمَا عَرَفْتُمْ مِّنْ سُنَّتِىْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ. عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَعَلَيْكُمْ بِالطَّاعَةِ وَاِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا. فَاِنَّمَا الْمُؤْمِنُ كَالْجَمَلِ الْاَنْفِ حَيْثُ مَا قِيْدَ انْقَادَ (وَفِىْ رِوَايَةٍ) عَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ. وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ o وَاِنْ عَبْدًا حَبَشِيًّا o وَسَتَرَوْنَ مِنْ بَعْدِىْ اِخْتِلَافًا شَدِيْدًا o فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِىْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ o وَاِيَّاكُمْ وَالْاُمُوْرَ الْمُحْدَثَاتِ o فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ o

(ابن ماجه)

ہم زار زار رونے لگے۔ ہم نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ تو آپ کا الوداعی خطبہ معلوم ہوتا ہے آپ ہمیں کچھ آخری نصیحت فرماتے جایئے۔ آپ نے فرمایا: میں نے تمہیں ایسے پاک صاف میدان میں چھوڑا ہے جہاں کی رات بھی دن کے برابر روشن ہے، میرے بعد تو وہی اِدھر سے اُدھر ہوگا جس کی قسمت پھوٹ گئی ہو۔ میرے بعد تم میں سے جو زندہ رہے گا وہ بڑے بڑے اختلاف دیکھے گا۔ پس تم اختلاف کے وقت میری جانی پہچانی سنّتوں اور ہدایت یافتہ خلفاءِ راشدین کے طریقوں سے وابستہ رہنا اور انہیں مضبوطی سے تھام لینا۔ تم فرمانبرداری کرتے ہی رہنا خواہ وہ کوئی حبشی غلام ہی ہو کیونکہ مومن کی مثال تو نکیل والے اونٹ کی سی ہے کہ جدھر نکیل مڑی اُدھر گھوم گیا۔ اللہ تعالیٰ کا لحاظ اور ڈر خوف رکھو، سنو اور اطاعت کرو خواہ وہ حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو۔ میرے بعد تم بہت سخت اختلاف دیکھو گے پس میری اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت پر عمل پیرا رہنا اور انہیں مضبوطی سے تھامے رکھنا (دین میں) گھڑی ہوئی باتوں (پر عمل کرنے) سے بچو کیونکہ ہر گھڑی ہوئی بات (بدعت) گمراہی ہے۔

Concept of Integrity

Hazrat Abu Hameed Saadi, Razi Allah Taala Anho, reports that Huzoor Nabi e Karim صلی اللّٰہ علیہ وسلم sent a man named Ibnul Labtia to the tribe of Banu Saleem to receive the charities for Bait-ul-Maal, The Treasury. When he came back he deposited some of the donations in front of Huzoor صلی اللّٰہ علیہ وسلم and kept a portion saying that this was a personal gift to him. Huzoor صلی اللّٰہ علیہ وسلم said: 'Well Saadi! Had you been sitting in your house we would have seen who brought you those gifts' Then Rasool Allah صلی اللّٰہ علیہ وسلم rose and delivered the following khutba:

"When I send one of you as a collector then he comes and says this is the wealth I collected for you and these are the gifts that were given to me. If he is telling the truth then why did he not stay in the house of his parents where the people would send him gifts?

By Allah I swear that any one who acquires anything unlawfully, he will arrive

فَاِنِّی اَسْتَعْمَلُ الرَّجُلَ مِنْکُمْ عَلَی الْعَمَلِ مِمَّا وَلَّانِیَ اللّٰہُ فَیَاْتِیْنِیْ فَیَقُوْلُ ھٰذَا مَالُکُمْ وَھٰذَا ھَدِیَّۃٌ اُھْدِیَتْ لِیْ اَفَلَا جَلَسَ فِیْ بَیْتِ اَبِیْہِ وَاُمِّہٖ حَتّٰی تَاْتِیَہٗ ھَدِیَّتُہٗ اِنْ کَانَ صَادِقًا وَ اللّٰہِ لَا یَاْخُذُ اَحَدٌ مِّنْکُمْ شَیْئًا بِغَیْرِ اللّٰہِ حَقِّہٖ اِلَّا لَقِیَ اللّٰہَ تَعَالٰی یَحْمِلُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَلَا اَعْرِفَنَّ اَحَدًا مِّنْکُمْ لَقِیَ اللّٰہُ یَحْمِلُ بَعِیْرًا

تصوّرِ دیانت

حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ بنو اسد کے ایک شخص کو جن کا نام ابن اللبتیہ تھا، قبیلہ بنو سلیم کے صدقات وصول کرنے کے لئے عامل بنا کر بھیجا، وہ واپس آئے تو انہوں نے کچھ مال تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے کر دیا اور کچھ مال یہ کہہ رکھ لیا کہ یہ مجھے بطور ہدیہ اور تحفہ کے ملا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ نے فرمایا: خوب، اگر تم اپنے گھر میں بیٹھے رہتے تو پھر دیکھتے کون آ کر تمہیں یہ تحفے تحائف دیتا ہے۔ ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اس کے بعد رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھ کھڑے ہوئے۔ پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی، پھر فرمایا: جب میں تم میں سے کسی شخص کو تحصیل دار بنا کر بھیجتا ہوں تو وہ واپس آ کر کہتا ہے کہ یہ آپ کا مال ہے اور یہ تحفے ہیں جو مجھے دیے گئے۔ اگر وہ سچ کہتا ہے تو کیوں اپنے ماں باپ کے گھر نہیں بیٹھتا جہاں لوگ اسے تحفے بھیجتے رہیں۔ خدا کی قسم! جو شخص ناجائز طور

before Allah on the Day of Resurrection and I will recognize that person who will be carrying on his head a grumbling camel, a mooing cow or a bleating goat."

Then Huzoor raised his hands (as if appealing to Allah Taala) and said

"O Allah! Did I convey Your will?"

لَهٗ رُغَآءٌ اَوْ بَقَرَةٌ لَّهَا خُوَارٌ اَوْ شَاةٌ تَيْعِرُ اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ.

(مسلم شریف)

پر کوئی چیز لے گا قیامت کے دن اسے اٹھائے ہوئے دربارِ خداوندی میں حاضر ہوگا، میں تم میں سے ان شخصوں کو پہچانوں گا جو ایک بڑبڑاتے ہوئے اونٹ یا آواز دینے والی گائے یا ممیاتی ہوئی بکری اٹھائے خدا کے سامنے پیش ہوں گے۔

پھر آپ نے دونوں ہاتھ بلند کر کے فرمایا:
"یاالٰہی! کیا میں نے حقِ تبلیغ ادا کر دیا۔"

Embezzlement and Greed

خیانت اور طمع

Hazrat Harmas bin Ziyad, Razi Allah Taala Anho, reports that once Rasool Allah صلی اللہ علیہ وسلم delivered a Khutba while sitting on His she-camel:

'Abhor embezzlement as it is the worst companion. Abhor tyranny as it will plunge you in darkness on the Day of Resurrection. Abhor greed as this destroyed people before you and they started shedding each other's blood and they broke the relationship between them.'

اِيَّاكُمْ وَالْخِيَانَةَ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ. وَاِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ فَاِنَّهٗ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ فَاِنَّمَآ اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ الشُّحُّ حَتّٰى سَفَكُوْا دِمَآئَهُمْ وَقَطَّعُوْا اَرْحَامَهُمْ.

(طبرانی اوسط و کبیر)

حضرت حرماس بن زیاد سے روایت ہے کہ ایک بار رسولِ خدا نے اپنی ناقہ پر بیٹھے بیٹھے خطبہ دیا، جس میں فرمایا:
خیانت سے بچو کہ وہ بدترین ساتھی ہے، ظلم سے بچو کہ وہ قیامت کے دن اندھیروں کا باعث ہوگا، طمع اور لالچ سے بچو کہ اسی چیز نے تم سے پہلوں کو غارت کر دیا حتیٰ کہ وہ ایک دوسرے کا خون بہانے لگے اور انہوں نے اپنے رشتے ناتے توڑ ڈالے۔

Abstinence from Embezzlement

Hazrat Abu Hurairah, Razi Allah Taala Anho, reports that during the worldly life of Huzoor Nabi e Karim صلی اللہ علیہ وسلم. it happened twice or thrice that some person snatched something of value from an enemy soldier during a war but did not deposit it in the Treasury (Bait-ul-Maal) One day the theme of the Khutba of Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم was this very rare minor crime of some soldier of the Islamic Army:

"I should not find you in such a state on the Day of Resurrection that on the neck of one you is riding a grumbling camel of misappropriation and the person pleads to me for help and I may have to say 'I can do nothing now, I did teach you the correct behaviour.' I should not find one of you on that Day with a neighing horse on his neck and he pleads to me for

لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ بَعِيْرٌ لَّهٗ
دُعَاءٌ يَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ
اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ
لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ ۝ لَا
اُلْفِيَنَّ اَحَدُكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ فَرَسٌ لَّهٗ
حَمْحَمَةٌ فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ
اللّٰهِ اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ
لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ ۝ لَا
اُلْفِيَنَّ اَحَدُكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ شَاةٌ لَهَا
ثُغَاءٌ يَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ
اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ
لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ ۝ لَا

خیانت سے اجتناب

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں دو تین بار ایسے واقعات پیش آئے کہ کسی شخص نے دشمن کی فوج سے کوئی چیز چھین لی مگر بیت المال میں جمع نہ کرائی۔ اس پر ایک روز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسب ذیل خطبہ دیا:

میں تم میں سے کسی کو اس حال میں نہ پاؤں کی قیامت کے دن تم میں سے کسی کی گردن پر (خیانت کا) بڑبڑاتا ہوا اونٹ سوار ہو اور کہے یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میری مدد فرمائیں اور مجھے کہنا پڑے کہ اب میں کچھ نہیں کرسکتا، میں نے تو (صحیح بات) تجھ تک پہنچادی تھی۔ میں تم میں سے کسی کو اس حال میں نہ پاؤں کہ قیامت کے دن تم میں کسی کی گردن پر ہنہناتا ہوا گھوڑا سوار ہو اور کہے یا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) میری مدد کریں اور مجھے یہ کہنا پڑے کہ میں کچھ نہیں کرسکتا میں نے تو (صحیح بات) تجھ تک پہنچادی تھی، میں تم میں سے کسی کو اس حال میں نہ پاؤں

help and I may have to say 'I can do nothing now, did I not teach you the Correct Way?' I should not find you on that Day with a bleating goat riding on your neck and you beg me to help you and I have to say 'I can do nothing now, I taught you the right way'.

I should not find you on that day when a slave to whom you have done some wrong or an innocent person whom you have killed wrongfully, ride on your neck and you beg me for help and I will say 'I can do nothing for you now, did I not teach you the correct way?' I should not find you on that day with rags flying round your neck and you ask me for help. I will then have to say 'I can do nothing now, did I not tell you that on the Day of Resurrection if you have any charge of misappropriated wealth and you beg me for help I will have to say 'I can do nothing as I have taught you the right way in the world."

اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ نَفْسٌ لَّهَا
صَيَاحٌ فَيَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ
اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ
لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا
اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ رِقَاعٌ
تَخْفِقُ فَيَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ
اَغِثْنِيْ وَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ
لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا
اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ صَامِتٌ
فَيَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ
وَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا
قَدْ اَبْلَغْتُكَ .

(مسلم شریف)

کہ قیامت کے دن تم میں کسی کی گردن
پر چیخنے والی بکری سوار ہو اور کہے یارسول
(صلی اللہ علیہ وسلم) میری مدد کریں اور
مجھے یہ کہنا پڑے کہ میں کچھ نہیں کرسکتا میں
نے تو (صحیح بات) تجھ تک پہنچادی تھی،
میں تم میں سے کسی کو اس حال میں نہ پاؤں
کہ قیامت کے دن تم میں کسی کی گردن
پر واویلا کرتا ہوا کوئی غلام یا مقتول سوار ہو
اور وہ (اٹھانے والا) کہے یارسول (صلی
اللہ علیہ وسلم) میری مدد کریں اور مجھے یہ کہنا
پڑے کہ میں کچھ نہیں کرسکتا میں نے تو
(صحیح بات) تجھ تک پہنچادی تھی، میں تم
میں سے کسی کو اس حال میں نہ پاؤں کہ
قیامت کے دن تم میں کسی کی گردن پر
چیتھڑے اڑ رہے ہوں اور کہے یارسول
(صلی اللہ علیہ وسلم) میری مدد کریں اور
مجھے کہنا پڑے کہ میں کچھ نہیں کرسکتا میں
نے تو تمہیں سمجھادیا تھا کہ قیامت کے دن
تم میں سے کسی شخص کے ذمے خیانت کا
مال ہو اور کہے یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ
وسلم) میری مدد کریں اور مجھے کہنا پڑے کہ
میں کچھ نہیں کرسکتا میں نے تو (صحیح بات)
تم تک پہنچادی تھی۔

The Evil of the World
(Worldly Goods or Wealth)

In the last days of His worldly life, (after the return from Hajjatul Wida), once Huzoor Nabi e Karim صلی اللہ علیہ وسلم. went to the place where the martyrs from the Battle of Uhud were buried and prayed for them in such a way that tears welled in the eyes of the listeners. He then returned to the mosque and sat on the pulpit to deliver the following khutba:

'I am going ahead of you to prepare for you in the Hereafter. I am a witness on you. By Allah I am looking even now at the Fountain of Abundance (Hauz-e-Kausar) I have been given the keys to all the treasures of the world. By Allah I have no fear that you will fall into Shirk (associating partners to Allah). However I am afraid you will start loving the world (wealth) and will strive to beat the others in the pursuit of acquisition of wealth.'

اِنِّیْ فَرَطٌ لَّکُمْ وَاَنَا شَهِیْدٌ عَلَیْکُمْ وَاِنِّیْ وَاللّٰهِ لَاَنْظُرُ اِلٰی حَوْضِیَ الْاٰنَ. وَاِنِّیْ قَدْ اُعْطِیْتُ مَفَاتِیْحَ خَزَآئِنَ الْاَرْضِ. اَوْمَفَاتِیْحَ الْاَرْضِ. وَاِنِّیْ وَاللّٰهِ مَآ اَخَافُ عَلَیْکُمْ اَنْ تُشْرِکُوْا بَعْدِیْ. وَلٰکِنِّیْ وَاللّٰهِ مَآ اَخَافُ عَلَیْکُمْ اَنْ تُشْرِکُوْا بَعْدِیْ. وَلٰکِنِّیْ اَخَافُ عَلَیْکُمْ اَنْ تَنَافَسُوْا فِیْهَا.

(بخاری شریف)

دنیا کا فتنہ

حیاتِ طیبہ کے آخری دور میں حجۃ الوداع سے واپسی پر ایک روز آپ شہدائے اُحد کے مقابر پر تشریف لے گئے۔ رقت آمیز انداز میں ان کے لئے دعا فرمائی۔ پھر مسجد میں آ کر منبر پر تشریف فرما ہوئے اور حسب ذیل خطبہ ارشاد فرمایا:

میں تمہارے لئے سامانِ آخرت تیار کرنے کے لئے تم سے آگے جانے والا ہوں۔ میں تم پہ گواہ ہوں، قسم خدا کی میں اس وقت بھی اپنے حوضِ کوثر کو دیکھ رہا ہوں، مجھے روئے زمین کے خزانوں کی کنجیاں عطا فرمائی گئی ہیں یا فرمایا زمین کی چابیاں (عطا فرمائی گئی ہیں) واللہ مجھے تمہارے بارے میں یہ خدشہ نہیں کہ تم شرک کرنے لگو گے۔ ہاں البتہ کھٹکا ہے کہ تم دنیا میں رغبت کرنے اور ایک دوسرے سے آگے بڑھنے لگو گے۔

The World and the Virtue

Hazrat Umro, Razi Allah Taala Anho, narrates that one day Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم said from the pulpit:

'Listen! This is the world that is present before you and from it the virtuous eat as well as the evil doers. For the Hereafter there is a time set when the Almighty will make Decisions where Truth will be proclaimed and the Falsehood will be exposed. Be of them who prepare for the Hereafter and not of them who run after the worldly wealth. All progeny follow the mother. The virtue followed by all the virtuous will enter Paradise and all evil followed by the evil doers will enter Hell. Do good deeds and fear Allah and believe firmly that one day you will stand before Him with your deeds.

Then shall anyone who
Has done any atom's weight
Of Good shall see it
And anyone who

اَلَّا اِنَّ الدُّنْيَا عَرَضٌ حَاضِرٌ o يَأكُلُ مِنْهُ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ o اَلَا وَاِنَّ الْاٰخِرَةَ اَجَلٌ صَادِقٌ o وَيَقْضِىْ فِيْهَا مَلِكٌ قَادِرٌ (وَفِىْ رِوَيَةٍ وَاِنَّ الْاٰخِرَةَ وَعْدٌ صَادِقٌ o وَيَحْكُمُ فِيْهَا مَلِكٌ عَادِلٌ قَادِرٌ) يُحِقُّ فِيْهَا الْحَقَّ وَيُبْطِلُ الْبَاطِلَ o كُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الْاٰخِرَةِ o وَلَا تَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَآءِ الدُّنْيَا o فَاِنَّ كُلَّ اُمٍّ يَتْبَعُهَا وَلَدُهَا o اَلَا وَاِنَّ الْخَيْرَ كُلَّهُ بِحَذَافِيْرِهٖ فِى الْجَنَّةِ o اَلَا وَاِنَّ الشَّرَّ كُلَّهُ بِحَذَافِيْرِهٖ فِى النَّارِ o اَلَا فَاعْلَمُوْا وَاَنْتُمْ مِّنَ اللّٰهِ عَلٰى حَذَرٍ o وَاعْلَمُوْآ

دنیا اور نیکی

حضرت عمرو سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز اپنے خطبے میں ارشاد فرمایا:

سن لو! دنیا اسی موجودہ ساز و سامان کا نام ہے، جسے نیک و بد سب کھا رہے ہیں اور آخرت کا ایک حقیقی وقت مقرر ہے جس میں قدرتوں والا بادشاہ (اللہ رب العالمین) خود فیصلہ کرے گا (ایک روایت میں ہے کہ آخرت ایک سچا وعدہ ہے جس میں عادل اور قدرت والا بادشاہ فیصلے فرمائے گا) جن میں حق کو حق ثابت کردے گا اور باطل کو باطل۔ آخرت والے بنو، دنیا والے نہ بنو، ہر اولاد اپنی ماں کے پیچھے چلتی ہے۔ تمام کی تمام بھلائی اپنے پیروکاروں کے ساتھ جنت میں داخل ہوگی اور تمام برائی اپنے پیروکاروں کے ساتھ جہنم میں داخل ہوگی۔ پس تم عمل کرو اور خدا سے ڈرتے رہو اور اس بات کا یقین رکھو کہ تمہیں (ایک دن) تمہارے

